سوال

(343) مل کو دیے جانے والے کماد پر عشر ہوگا یا زکوٰۃ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبركاته

کماد عموماً مل والے خریدتے ہیں ۵ یا ٦ ماہ کے اندر کل قیمت ادا کرتے ہیں۔ کیا اس فصل پر عشر ہوگا یا زکوٰۃ؟ کیا کٹائی، لدائی اور نقل و حمل وغیرہ۔ از ڈیرہ تا کنڈا یا مل، کل قیمت سے نکال کر عشر ادا کیا جائے؟ (محمد ہاشم شاہ قریشی۔ جیل روڈ۔ لاہور) (یکم ستمبر ۲۰۰۰ء)

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبركاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

کماد جو مل کو دیا جاتا ہے، اس کے گڑ کا حساب لگا کر عشر ادا کیا جائے یا اس حساب سے ادائیگی پر اس کی قیمت ادا کر دی جائے اور اس کے دیگر اخراجات بھی وضع کیے جا سکتے ہیں۔

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد:3،کتاب الصوم:صفحہ:298

محدث فتویٰ